**28.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................ضمیر رضوی

**Music**

--------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدے سے بھارتی اسٹارٹ اَپ اداروں کیلئے رقم فراہم کرنے میں سہولت پیدا ہوگی اور اختراعی معیشت کو فروغ حاصل ہوگا۔

☆ وزیرِ اعظم نے اس بات کو اجاگر کیا ہے کہ گذشتہ دہائی میں بھارت، دنیا کا تیسرا سب سے بڑا شہری ہوا بازی کا گھریلو بازار بن کر ابھرا ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے ملک کے صحتِ عامہ کے نظام کو مضبوط کرنے کی حکومت کی کوششوں کو اجاگر کیا ہے۔ بجٹ اجلاس کے پہلے دن انہوں نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا۔

☆ مہاراشٹر کے نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار کی بارامتی کے نزدیک ایک طیارہ حادثے میں موت ہوگئی ہے۔ اُن کی آخری رسوم کل ادا کی جائیں گی۔

☆ دسمبر میں ملک کی صنعتی پیداوار بڑھ کر سات اعشاریہ آٹھ فیصد ہوگئی ہے، جو دو سال میں سب سے زیادہ ہے۔

☆ اور مردوں کے کرکٹ میں، وشاکھاپٹنم میں چوتھے ٹی ٹوئنٹی میچ میں نیوزی لینڈ نے بھارت کی جیت کیلئے **216** رَن کا نشانہ دیا ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM NCC Rally**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حالیہ بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدے سے بھارتی اسٹارٹ اَپ اداروں کو فائدہ ہوگا، جس کے تحت انہیں رقم کی فراہمی میں بہتری آئے گی، اختراعی ایکو نظام کو فروغ حاصل ہوگا اور اختراعی معیشت مستحکم ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ عمان، نیوزی لینڈ، برطانیہ، **UAE**، آسٹریلیا اور ماریشس کے ساتھ سابقہ **FTA** سے ہزاروں بھارتی نوجوانوں کیلئے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ جناب مودی نے ملک کے نوجوان پیشہ ور افراد کی، انہیں محنت سے کام کرنے والے اور اعلیٰ سطح کے ہنرمند قرار دیتے ہوئے، ستائش کی اور کہا کہ بیرونِ ملک، بھارتی ڈاکٹر، انجینئر اور اساتذہ عالمی طرز کی صحت کی دیکھ بھال، بنیادی ڈھانچے اور تعلیم کے سلسلے میں اہم تعاون دے رہے ہیں۔

نئی دلّی کے Cariappa پریڈ گراؤنڈ میں سالانہ NCC-PM ریلی سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ بھارت کے نوجوان بہادری اور ملک مقدم کے نظریے کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے NCC کو ایک ایسی تحریک قرار دیا، جو پُر اعتماد، نظم و ضبط کے پابند اور ذمہ دار شہریوں کی نشو و نما کرتی ہے اور کہا کہ کیڈٹس کی تعداد 14 لاکھ سے بڑھ کر 20 لاکھ سے زیادہ ہوگئی ہے، جس میں سرحدی علاقوں کے افراد اور لڑکیوں کی زیادہ شمولیت ہے۔

**SB - 2100 - PM Modi on Youth**

جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ آپریشن سندور نے بھارتی افواج کی دِلیری اور اندرونِ ملک تیار کردہ ہتھیاروں کی پیش رفت کی عکاسی کی۔

انہوں نے کہا کہ وکست بھارت، صرف اقتصادی ترقی تک محدود نہیں ہے اور انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ قومی فرائض کو ترجیح دیں۔ ایک ماہ طویل یومِ جمہوریہ کیمپ 2026 کے اختتام پر اِس ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں 21 بیرونی ممالک سے 207 نوجوانوں اور افسران کے ساتھ ساتھ 898 لڑکیوں سمیت 2 ہزار 406 کیڈٹس نے ثقافتی پروگرام پیش کیئے۔ اِس موقع پر وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ بھی موجود تھے۔ اِس سال اِس ریلی کا موضوع تھا، ''راشٹر پرَتھم - کرتوَیہ نِشٹھ یووا''۔x

## Rev PM Wings India

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ گذشتہ دہائی میں بھارت کے شہری ہوا بازی کے شعبے میں تاریخی تبدیلی آئی ہے۔ انہوں نے اِس بات کو یاد کیا کہ ایک وقت ہوائی سفر ایک خاص طبقے تک محدود تھا لیکن آج بھارت دنیا کا تیسرا سب سے بڑا شہری ہوا بازی کا گھریلو بازار بن گیا ہے۔ جناب مودی نے آج حیدرآباد کے بیگم پیٹ ہوائی اڈے پر جاری Wings India 2026 تقریب کیلئے ایک ویڈیو پیغام میں یہ بات کہی۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ بھارت شہری ہوا بازی کے امکانات کے سلسلے میں ایک اہم مرکز کے طور پر خود کو قائم کررہا ہے، جس میں طیاروں کی مینوفیکچرنگ، جدید فضائی موبیلٹی اور طیاروں کو Lease پر دیا جانا شامل ہے۔

سب کی شمولیت پر زور دیتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے کہا کہ اب ہوائی سفر ایک مخصوص طبقے تک محدود نہیں ہے بلکہ یہ سب کیلئے قابلِ رسائی بن رہا ہے۔

**SB - 2100- PM Modi Wings India**

ایشیا کی سب سے بڑی ہوا بازی کی تقریب Wings India 2026 ہفتے کے روز تک جاری رہے گی، جس میں بھارتی شہری ہوا بازی کے شعبے کی پیشرفت اور اس کے مستقبل کی عکاسی کی جارہی ہے۔ x

## Prez Parl Address

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس دونوں ایوانوں سے صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب سے شروع ہوا۔ صدرِ جمہوریہ نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ حکومت کی اولین ترجیح ''سب کا ساتھ، سب کا وِکاس'' کے نظریے کے تحت قابلِ رسائی اور کفایتی صحت کی دیکھ بھال سے متعلق خدمات ہے، جس سے غریب، کمزور اور محروم لوگوں کو مدد فراہم ہوگی۔ اپنے آغاز کے بعد سے

''آیوشمان بھارت پی ایم جے'' کے تحت 11 کروڑ سے زیادہ افراد کو مفت علاج فراہم کیا جاچکا ہے اور گذشتہ برس تقریباً ڈھائی کروڑ لوگوں کو اِس سے فائدہ ہوا۔ خصوصی اقدامات کے تحت بزرگ شہریوں کو تقریباً ایک کروڑ آیوشمان وے وَندنا کارڈ جاری کئے گئے ہیں، جس کے تحت تقریباً 8 لاکھ بزرگوں کو صحت کی دیکھ بھال کی مفت خدمات تک رسائی حاصل ہے۔

**SB - 2100 - President on Healthcare**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے اِس بات پر زور دیا کہ بنیادی صحت کی دیکھ بھال کو مستحکم کرتے ہوئے، ملک بھر میں ایک لاکھ 80 ہزار آیوشمان آروگیہ مندر سرگرم ہیں، جو دیہی اور سہولتوں سے محروم علاقوں میں اہم خدمات فراہم کررہے ہیں۔ صدرِ جمہوریہ نے آسام اور سکم میں میڈیکل کالجوں، ایٹانگر میں کینسر کے ایک ریاستی ادارے اور اگرتلہ میں خواتین اور بچوں کے ایک اسپتال کا حوالہ دیتے ہوئے، شمال مشرق میں صحت کی دیکھ بھال کے سلسلے میں پیشرفت کو اجاگر کیا۔ سماجی بہبود کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ گذشتہ دہائی میں 25 کروڑ شہری غریبی سے باہر آئے ہیں اور سماجی تحفظ کے فوائد 2014 میں 25 کروڑ افراد سے بڑھ کر آج 95 کروڑ افراد تک پہنچ گئے ہیں، جس سے ''سب کا ساتھ، سب کا وِکاس'' نظریے کی عکاسی ہوتی ہے۔

**SB - President 95 Crore 22 Sec**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آپریشن سندور کے دوران بھارتی افواج کی بہادری کی، یہ کہتے ہوئے ستائش کی کہ ملک نے اپنے وسائل کا استعمال کرتے ہوئے، دہشت گردوں کے کیمپوں کو نیست و نابود کردیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئے ''وکست بھارت جی رام جی'' ایکٹ کا مقصد دیہی ترقی کو فروغ دینا اور کسانوں، مویشی پالن کرنے والوں اور ماہی گیروں کیلئے نئے امکانات پیدا کرنا ہے۔

**SB - President VB G Ram G 14 Sec**

صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ گذشتہ دس - گیارہ برسوں میں بھارت نے ہر شعبے میں اپنی بنیاد مضبوط کی ہے اور یہ 2026 کا سال وکست بھارت کی جانب سفر کیلئے اہم رہے گا۔x

**<u>Rijuju Opposition</u>**

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے صدر جمہوریہ کے خطاب کے دوران اپوزیشن کے برتاؤ پر نکتہ چینی کی ہے۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ، آج اپوزیشن نے جس طرح کا برتاؤ کیا ہے ملک کیلئے بڑے شرم کی بات ہے۔

انھوں نے کہا کہ کانگریس اور اس کے اتحادیوں کو بھی معاف نہیں کیا جائے گا۔

جناب رجیجو نے کہا کہ، جب وندے ماترم کے 150 سال پورے ہونے کے موقع پر قومی گیت اور بنکم چندر چٹوپادھیائے کو خراجِ تحسین پیش کیا جا رہا تھا تو بھی اپوزیشن نے ہنگامہ کیا تھا۔x

**<u>LS RS - Tributes</u>**

آج لوک سبھا میں کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کئے جانے سے پہلے مہاراشٹر کے نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار اور بنگلہ دیش کی وزیرِ اعظم خالدہ ضیاء اور پانچ سابق ارکان کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا، جن کا حال ہی میں انتقال ہوگیا تھا۔ ایوان میں دسویں لوک سبھا کے رکن جناب پوار اور سابق ارکانِ پارلیمنٹ کی یاد میں کچھ دیر خاموشی اختیار کی گئی۔

راجیہ سبھا میں بھی سابق ارکان ایل گنیسن اور سُریش کلماڑی اور بنگلہ دیش کی سابق وزیرِ اعظم خالدہ ضیاء کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ صدر نشیں سی پی رادھا کرشنن نے کہا کہ محترمہ خالدہ ضیاء نے بنگلہ دیش کی ترقی اور بھارت - بنگلہ دیش تعلقات کے سلسلے میں نمایاں تعاون کیا۔ بعد میں، ایوانِ بالا کی کارروائی ملتوی کردی گئی۔x

## Economic Survey

وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن، کل پارلیمنٹ میں اقتصادی سَروے 2025-26 پیش کریں گی۔ یہ دستاویز، چیف اقتصادی مشیر کی رہنمائی میں وزارت خزانہ کے اقتصادی امور کے محکمے کے ذریعے تیار کیا گیا ہے۔ اقتصادی سَروے، ملک کی موجودہ اقتصادی صورتحال اور مستقبل کے منظرنامے کے جامع جائزے پر مبنی ہوتا ہے۔ مرکزی بجٹ 2026-27، اتوار کے روز پیش کیا جائے گا۔ بجٹ اجلاس کا پہلا مرحلہ 13 فروری تک جاری رہے گا، جبکہ دوسرا مرحلہ 9 مارچ سے 2 اپریل تک چلے گا۔ بجٹ اجلاس کے دوران، کُل 30 نشستیں ہوں گی۔×

## Ajit Pawar - Plane Crash

مہاراشٹر کے نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوَار کی آخری رسومات کل پونے ضلعے کے بارامتی میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔ جناب پوَار اور چار دیگر افراد کی آج صبح اُس وقت موت ہوئی، جب اُن کے ہوائی جہاز نے بارامتی ہوائی اڈّے پر کریش لینڈنگ کی کوشش کی۔

مزید تفصیل ہمارے ممبئی کے نامہ نگار سے ..................

**VC - Ankita Apte**

*مہاراشٹر کے گورنر آچاریہ دیو ورت، وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شِندے آج بارامتی پہنچے اور مہاراشٹر کے نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوَار کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے اجیت پوَار کی اہلیہ سُنیترا پوَار اور چچا زاد بہن سُپریا سولے سے بھی ملاقات کی۔ اجیت پوَار کی آخری رسومات کل صبح 11 بجے وِدیا پرتِشٹھان میدان میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ انجام دی جائیں گی۔ اِس افسوس ناک واقعے کے بعد، مہاراشٹر حکومت نے تین دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔ تقریباً 4 دہائیوں کے سیاسی کارکردگی کے حامل اجیت پوَار، 6 مرتبہ مہاراشٹر کے نائب وزیرِ اعلیٰ رہے۔ انہوں نے خزانے کے قلمدان سمیت مختلف وزارتیں سنبھالیں اور 11 مرتبہ ریاستی بجٹ پیش کیا۔*

*اجیت پوَار، ریاست میں امداد باہمی اور کھیل کے شعبوں سے تعلق رکھنے والی کئی تنظیموں اور اداروں سے سرگرمی کے ساتھ وابستہ رہے۔ وہ 16 سال تک پونے ڈسٹرکٹ سینٹرل کوآپریٹو بینک کے چیئرمین بھی رہے۔ اِس کے علاوہ، اجیت پوَار، مہاراشٹر اسٹیٹ اولمپک ایسوسی ایشن، مہاراشٹر کھو کھو اور*

کبڈی ایسوسی ایشن کے عہدے پر سب سے طویل عرصے تک فائز رہنے والے چیئرمین بھی رہے۔
مہاراشٹر کے ''دادا'' کے طور پر معروف اجیت پوار کو اُن کی صاف گوئی، حاضر جوابی، حکمرانی پر مضبوط
گرفت اور لوگوں کے ساتھ قریبی تعلق کی وجہ سے جانا جاتا تھا۔ اُن کے انتقال کے بعد، تعزیتی
پیغامات کا سلسلہ لگاتار جاری ہے۔
ممبئی سے اَنکِتا آپٹے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں .................

**IIP DECEMBER**

اعدادو شمار اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت کے مطابق بھارتی صنعتی پیداوار دسمبر 2025 میں بڑھ کر سات اعشاریہ آٹھ فیصد ہوگئی ہے، جو پچھلے دو سالوں میں سب سے زیادہ ہے۔ یہ نومبر میں سات اعشاریہ دو فیصد تھی۔ ترقی ہمہ جہت رہی، جس میں مینوفیکچرنگ کا شعبہ سب سے بڑا جز رہا، جس میں کمپیوٹرس، الیکٹرونکس، موٹر گاڑیوں اور ٹرانسپورٹ آلات پر مشتمل آٹھ اعشاریہ ایک فیصد اضافہ درج کیا گیا۔ کانکنی کے شعبے میں چھ اعشاریہ آٹھ فیصد، بجلی کے شعبہ میں 6 اعشاریہ تین فیصد اضافہ درج کیا گیا ہے۔×

**Pragati Special Story**

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اِسے شروع کیے جانے کے بعد سے PRAGATI نے بروقت قریبی نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کر کے اور وزیر اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایات کو دور کرنے کا اہل بنا کر حکمرانی کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔

پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کو فروغ دیتا ہے۔ آج اِس خصوصی سیریز میں کرناٹک کے کُڈگی سُپر تھرمل پاور پروجیکٹ پر روشنی ڈالی جائے گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Suparna/Anand**

NTPC کے ذریعے نافذ کردہ کُڈگی سُپر تھرمل پاور پروجیکٹ (مرحلہ-ایک) کوئلے پر مبنی بجلی پروجیکٹ ہے، جو کرناٹک کے وِجے پُورا ضلعے میں واقعے ہے۔ یہ جنوبی بھارت کے سب سے بڑے بجلی اسٹیشنوں میں سے ایک ہے، جس میں 800 میگا واٹ کی صلاحیت کے حامل تین جنریٹنگ یونٹ ہیں۔ کُڈگی، جنوبی بھارت میں NTPC کے سب سے بڑے گرین فیلڈ تھرمل پاور پروجیکٹوں میں سے ایک ہے، جو خطے بھر میں صنعتی ترقی، شہر کاری اور بنیادی ڈھانچے کی توسیع میں اہم رول ادا کرتا ہے۔

پروجیکٹ کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے 24 جون 2015 کو وزیرِ اعظم نریندر مودی کی صدارت میں پرگتی میکانزم کے تحت اِس کا جائزہ لیا گیا۔ اِس دوران، خطۂ اراضی کی جلد حوالگی، اہم سازوسامان کی سپلائی کیلئے ریلوے لائن کو دوہرا کرنے اور پانی کی پائپ لائنیں بچھانے کیلئے Rou کی گنجائش سے متعلق ہدایات دی گئیں۔

یہ پروجیکٹ 3 دسمبر 2018 کو مکمل کرلیا گیا۔ کَڈگی پروجیکٹ کی کامیاب تکمیل، بڑی سرمایہ کاری کو زمین پر نتائج میں بدلنے کے طاقتور وسیلے کے طور پر پرگتی میکانزم کے رول کو اجاگر کرتی ہے۔

دلّی سے سُپرنا اور آنند کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ..................

## SC - SIR

سپریم کورٹ نے آج کہا ہے کہ ناموں کو شامل کرنا اور حذف کرنا، بھارت کے انتخابی کمیشن کے ذریعے ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی، SIR کا حصہ ہے۔ سپریم کورٹ نے بہار میں انتخابی فہرستوں کے SIR کو چیلنج کرنے والی 19 عرضداشتوں کی آخری سماعت دوبارہ شروع کی۔ چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس جوئے مالیہ باگچی پر مشتمل بینچ نے سرکاری فرائض انجام دینے والی پرائیویٹ ایجنسیوں کے ذریعے پاسپورٹ کی کارروائی کیے جانے کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے کہا کہ جعل سازی، آدھار کارڈ کو مسترد کرنے کی واحد وجہ نہیں ہوسکتی۔×

## Cricket

مردوں کے کرکٹ میں، وشاکھاپٹنم میں چوتھے ٹی ٹوئنٹی میچ میں نیوزی لینڈ نے بھارت کی جیت کیلئے 216 رَن کا نشانہ دیا ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے، نیوزی لینڈ نے مقررہ 20 اووَرس میں سات وکٹ کے نقصان پر 215 رَن بنائے۔ بھارت کیلئے اَرش دیپ سنگھ اور کلدیپ یادو نے دو- دو وکٹ حاصل کئے۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک بھارت نے 7 اووَرس میں 3 وکٹ پر 57 رَن بنا لئے تھے۔

اس سے قبل بھارت نے ٹاس جیت کر گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات، IMD نے ہماچل پردیش، پنجاب، چنڈی گڑھ، ہریانہ، راجستھان، مدھیہ پردیش، اتراکھنڈ، اترپردیش، بہار اور دلّی میں 31 جنوری تک گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

محکمۂ موسمیات کے مطابق، جموں و کشمیر اور لداخ، اُڈیشہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں بھی اِسی طرح کے موسمی حالات برقرار رہیں گے۔

محکمۂ موسمیات نے ہماچل پردیش، پنجاب، چنڈی گڑھ، ہریانہ اور دلّی میں اگلے دو سے تین دن کے دوران، سرد لہر کے جاری رہنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ خلیج منار اور Comorin علاقے میں ہفتے کے روز تک موسم اچانک بدل سکتا ہے۔×

**Kolkata fire**

پیر کے روز نظیر آباد گودام میں آگ لگنے کے واقعے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 19 ہو گئی ہے، جبکہ متعدد افراد لاپتہ ہیں۔ملبے سے تلاش کا کام جاری ہے۔ DNA جانچ کے بعد مہلوک افراد کی باقیات کو رشتہ داروں کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ آگ لگنے کی وجوہات کا پتہ لگانے کی جانچ شروع کر دی گئی ہے۔کل فارنسک ٹیموں نے جائے حادثہ سے شواہد اکٹھا کئے۔ اس دوران عدالت نے آج ملزم گودام مالک گنگادھر داس کو سات دن کی پولیس حراست میں بھیج دیا ہے۔×

**Jintendra Singh Conclave**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر مملکت جتیندر سنگھ نے کہا کہ مجموعی عالمی کارروائی کے بغیر موسمیاتی تبدیلی سے نہیں نمٹا جا سکتا ہے۔ انھوں نے یہ بات نئی دلی میں ٹیکنالوجی اور اختراع کے کانکلیو 2.0 کی افتتاحی تقریب میں کہی۔ انھوں نے موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے حل تلاش کرنے کے سلسلے میں مصنوعی ذہانت کا استعمال کرنے پر زور دیتے ہوئے سری لنکا اور Philippines سمیت کانکلیو میں شامل ہونے والے ملکوں کا خیر مقدم کیا اور 2070 تک کاربن کے صفر اخراج کے بھارت کے عزم کا اعادہ کیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆